السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع کے بعد جو دعا ہم پڑھتے ہیں (یعنی حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ) کیا یہ دعا رسول کریم ﷺ نے یا کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے رکوع کے بعد پڑھی ہے کیا یہ دعا پڑھیں یا جو دعا رسول کریم ﷺ سے حدیث میں منقول ہے وہ پڑھیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

امام بخاری اپنی مایہ ناز کتاب صحیح بخاری ج ا ص ۱۱۰ میں لکھتے ہیں:

حَدَّثَنَا عَبْدٌا بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِا الْمُجْمِرِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ خَلَّادٍ الزُّرَقِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيِّ قَالَ كُنَّا نُصَلِّي يَوْمًا وَرَآءَ النَّبِيِّ ﷺ فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرَّكْعَةِ قَالَ سَمِعَ ا لِمَنْ حَمِدَهُ قَالَ رَجُلٌ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا» «كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ مَنِ الْمُتَكَلِّمُ ؟ قَالَ أَنَا قَالَ رَأَيْتُ بِضْعَةً وَثَلَاثِينَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَهَا أَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا أَوَّلُ

حضرت رفاعۃ بن رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک دن ہم نے نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی پس جب آپ ﷺ نے اپنا سر رکوع سے اٹھایا تو آپ نے ''سمع ا لمن حمدہ'' کہا ایک آدمی نے آپ کے پیچھے ''رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ'' کہا پس جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے پوچھا کون ہے جس نے بات کی ہے (یعنی ربنا ولک الحمد الخ) تو اس آدمی نے کہا میں نے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں نے تیس سے کچھ زائد فرشتوں کو دیکھا کہ وہ جلدی کر رہے تھے کہ کون اس کلمے کو پہلے لکھے''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص182

محدث فتویٰ